© rasailojaraid.com


مجیبؔ لاہوری ؒ

# الیکشن کا کھیل

## بلدیاتی انتخابات کے تناظر میں

یہ الیکشن کا کھیل ہے پیارے
دھن کی جو ریل پیل ہے پیارے

جو حسینوں کی "میل" ہے پیارے
شاملِ "کاک ٹیل" ہے پیارے

عشق بے چارہ مال گاڑی ہے
حُسن طوفان میل ہے پیارے

نوٹ ہوں جس کے پاس وہ ہے پاس
اور بے نوٹ فیل ہے پیارے

یہ ترقّی ہے ساری سائنس کی!
یعنی فی میل، میل ہے پیارے

جس کے پھل کا ہے نام "ایٹم بم"
امنِ عالم کی جیل ہے پیارے

قدرداں کون ہے وفا کا مجیبؔ
ہول سیل اب "ریٹیل" ہے پیارے

© rasailojaraid.com